پریس ریلیز

گوجرانوالہ 15 جون 2023ء

فرخ امین مینجر پرال کلیکٹریٹ آف کسٹم سمبڑیال نے کہا کہ پاکستان سنگل ونڈو کے قیام کا مقصد بزنس کمیونٹی کے مسائل ایک ہی جگہ حل ہوسکیں وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ بزنس کمیونٹی کے مسائل بڑھتے جارہے ہیں جن کی وجہ سے کاروباری لوگوں کومختلف اداروں میں جانے کی ضرورت رہتی ہے بزنس کمیونٹی کے ان مسائل کومدنظر رکھتے حکومت پاکستان نے پاکستان سنگل ونڈو کا قیام کردیا ہے بزنس کمیونٹی اس سہولت سے فائدحاصل کرنے کیلیئے زیادہ سے زیادہ رجسٹریشن کرواکراپنے لیئے آسانیاں پیدا کرسکتے ہیں۔ان خیالات کا اظہارانہوں نے گوجرانوالہ چیمبرآف کامرس اینڈ انڈسٹری میں پاکستان سنگل ونڈو کے موضوں پرمنعقدسیمینار سے خطاب کے دوران کیا۔جبکہ سیمینار کی صدارت گوجرانوالہ چیمبرآف کامرس کے نائب صدر عادل ندیم نے کی۔اس موقع پراراکین مجلس عاملہ،سابق صدور،خالدرسول ڈائریکٹرٹی ڈیپ سیالکوٹ،عمیرہ پرویزڈپٹی ڈائریکٹرٹی ڈیپ گوجرانوالہ کے علاو بزنس کمیونٹی کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان سنگل ونڈو کے تحت ایکسپورٹ فیسلی ٹیشن اورامپورٹ کے متعلق مسائل کا بھی تدارک کیا جاسکتا ہے بےشماراداراے پاکستان سنگل ونڈو میں رجسٹرڈ ہوچکے ہیں جس کا مقصد پاکستان میں ایسانظام متعارف کروانا ہے کہ ڈورٹوڈور جانے کی بجائے تمام مسائل کا حل ایک ہی جگہ ممکن بنایا جاسکے۔

قبل ازیں نائب صدر عادل ندیم نے سیمینار کے گوجرانوالہ چیمبرآف کامرس اپنے اراکین معلومات کیلیئے مختلف اوقات میں معلوماتی سیمینارز اور ورکشاپس کا اہتمام کرتا رہتا ہے تاکہ نت نئ اور جدید معلومات کے ذریعے ممبران اپنے کاروبار میں جدید دور کے مطابق بہتری لا سکیں۔آج کا یہ اہم سیشن بھی اسی سلسلہ کی ایک کڑی ہے۔ویسے بھی معلومات کا تبادلہ اب سیکنڈوں میں تبدیل ہوچکا ہے انٹرنیٹ نے معلومات کے تبادلے کوانتہائی تیزاورسہل کردیا ہے۔کوئی بھی معلومات اگر دنیا کے ایک کونے سے دوسرے کونے تک پہنچانی ہوتو صرف سنگل کلک کرنے کی ضرورت ہے۔